اسماءِعدد چار طرح کے ہوتے ہیں۔ There are 4 types of numbers.

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1000 | 100 | 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | مفرد<br>Mufrad | العدد الاصلی<br>Cardinals numeral |
| | | | 19 | 18 | 17 | 16 | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | مرکب<br>Compound | |
| | | | | 90 | 80 | 70 | 60 | 50 | 40 | 30 | 20 | عقود<br>Knotted | |
| 31-39 till 99 | | | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 24 | 23 | 22 | 21 | مرکب عطفی<br>Murakub atafi | |

## العقود
knotted

بیس سے لے کر نوّے(20-90)تک کے اعداد کو ''العقود'' کہتے ہیں۔ یہ جمع مذکر سالم کے وزن پر آتے ہیں اور اعرابی لحاظ سے بھی جمع مذکر سالم کے مشابہ ہوتے ہیں۔

The numbers 20 to 90 عِشرُونَ.......تِسعُونَ ; These numbers are called the *Uqud* ""العقود .
They have the form of the sound masculine plural, and so their *Irab* is like that of the sound masculine plural.e.g:

ایک سو(100)اور ایک ہزار(1000)کے اعداد کے قواعد بھی ''العقود''کی طرح ہوتے ہیں۔

100 and 1000 numbers also like *Uqud*.

العقود اعداد میں تذکیر وتانیث کا کوئی لحاظ نہیں ہوتا۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ مذکر و مؤنث کے ساتھ العقود جنس نہیں بدلتے۔

The *Uqud* have the same form with the masculine as well as the feminine *madud*.

عِشْرُونَ وَلَدًا (بیس لڑکے) 20 boys — عِشْرُونَ بِنْتًا (بیس لڑکیاں) 20 girls

مِائَةُ وَلَدٍ (سو لڑکے) 100 boys — مِائَةُ بِنْتٍ (سو لڑکیاں) 100 girls

أَلْفُ وَلَدٍ (ہزار لڑکے) 1000 boys — أَلْفُ بِنْتٍ (ہزار لڑکیاں) 1000 girls


© copy rights reserved

| واحد عدد | العقود | رقم | واحد عدد | العقود | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| عَشَرٌ | عِشْرُونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 20 | سِتٌّ | سِتُّونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 60 |
| ثَلَاثٌ | ثَلَاثونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 30 | سَبْعٌ | سَبْعُونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 70 |
| أَرْبَعٌ | أَرْبَعُونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 40 | ثَمَانٍ | ثَمَانُونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 80 |
| خَمْسٌ | خَمْسُونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 50 | تِسْعٌ | تِسْعُونَ مُدَرِّسًا/مُدَرِّسَةً | 90 |

کلاس میں بیس (مذکر/مونث) ٹیچرز ہیں۔

There are 20 teachers in the class .

| | | |
|---|---|---|
| (خبر مقدم محذوف) فِي الفَصْلِ | عِشْرُونَ | مُدَرِّساً / مُدَرِّسَةً |
| جار مجرور متعلق خبر مقدم | مبتدأ مؤخر نكرة | تميز(مذكر/ مونث معدود) |

میں نے بیس ٹیچر دیکھے/دیکھیں۔

I saw 20 teachers (m/f).

| | | |
|---|---|---|
| رَأَيْتُ | عِشْرِينَ | مُدَرِّساً / مُدَرِّسَةً |
| فعل ماضى فاعل ضمير (تُ) | مفعولٌ به منصوب باليا | تميز(مونث/ مذكر معدود) |

میں نے بیس ریال کی کتاب خریدی۔

I bought the book for 20 riyals.

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِشْتَرَيْتُ | اَلْكِتَابَ | بِعِشْرِيْنَ | رِيَالًا |
| فعل ماضى فاعل ضمير (تُ) | مفعولٌ به | باء حرف جر عِشْرِينَ مجرور بالياء | تميز |

﴿وَوٰعَدْنَا مُوْسٰي ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً﴾ (الأعراف 142)

اور ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا پھر اسے دس مزید راتوں سے پورا کیا تو اس کے پروردگار کی مقررہ مدت چالیس راتیں پوری ہو گئی۔

And We made an appointment with Musa for thirty nights, then We supplemented them with another ten. So, the total period fixed by his Lord was forty nights.

﴿ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ﴾ (الحاقة:32)

پھر اسے ایک ستر گز لمبی زنجیر میں جکڑ دو۔

Thereafter, fasten him with a chain the measure of which is seventy hands.

﴿وَاخْتَارَ مُوْسٰي قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا﴾ (الأعراف:155)

اور ہماری طے شدہ میعاد کے لئے موسیٰ نے اپنی قوم سے ستر آدمی چن لئے۔

And Musa selected seventy men from his people for Our appointment.


© copy rights reserved